الشریعہ اکادمی کی سرگرمیاں

☆ ۳۰ر اپریل تا ۲ مئی ۲۰۰۵ جامعہ اسلامیہ کامونکی میں دعوہ اکیڈمی اسلام آباد کے تعاون سے تین روزہ مطالعہ مذاہب کورس کا اہتمام کیا گیا۔ الشریعہ اکادمی میں خصوصی تربیتی کورس کے شرکا اس کورس میں اول تا آخر شریک ہوئے اور اس سے استفادہ کیا۔

☆ ۸ر مئی کو فیصل آباد سے جناب مولانا محمد الیاس قاسمی صاحب تشریف لائے اور بعد از نماز ظہر طلبہ سے خطاب کیا۔

☆ ۱۶ر مئی کو بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) جناب مستنصر باللہ اکادمی میں تشریف لائے اور طلبہ کو اپنے خیالات سے مستفید کیا۔

☆ ۱۸ر مئی کو اکادمی کے زیر اہتمام گوجرانوالہ کی سطح پر ایک انعامی تقریری مقابلہ کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف دینی مدارس کے طلبہ نے شرکت کی۔

☆ ۱۹ر مئی کو خصوصی تربیتی کورس کے شرکا نے مولانا عمار ناصر اور پروفیسر محمد اکرم ورک کی قیادت میں جامعہ جعفریہ گوجرانوالہ کا مطالعاتی دورہ کیا اور جامعہ کے منتظمین اور اساتذہ کے ساتھ ایک نشست میں شیعہ سنی مسئلے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔

☆ ۲۱ر مئی کو اکادمی میں ''سیرت نبوی ﷺ اور مستشرقین'' کے عنوان پر ایک فکری نشست منعقد ہوئی جس میں معروف محقق جناب ڈاکٹر محمد اکرم چوہدری نے پرمغز علمی خطاب کیا۔ اس موقع پر اکادمی کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے تقریری اور تحریری مقابلوں میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو انعامات بھی دیے گئے۔